چین پر فگر اسکیٹر الیسا لیو اور اس کے والد پر جاسوسی کا الزام

بیجنگ۔ ایم این این۔ الیسا لیو کے اولمپک ڈیبیو کے بعد، امریکی محکمہ انصاف نے چینی حکومت کی جانب سے مبینہ طور پر جاسوسی کرنے کے الزام میں پانچ افراد پر فرد جرم عائد کی، جس نے چین میں جمہوریت کی وکالت کرنے والے امریکی باشندوں کو نشانہ بنایا۔ الیسا کے والد، آرتھر لیو نے انکشاف کیا کہ اسے اور اس کی بیٹی کو نشانہ بنایا گیا، ایک شخص نے امریکی اولمپک اہلکار کے طور پر اپنے پاسپورٹ کی معلومات کی

رسوائی کو عزت افزائی

اور ناکامی کو کامیابی سمجھنے والے نادان مسلمان توجہ دیں

ابونصر فاروق

موجودہ دنیا کے لوگوں کو اپنے علم سائنس اور ٹکنالوجی پر فخر و ناز اور غرور ہے۔ اور ان کی جہالت یہ ہے کہ اپنے گزرے ہوئے بزرگوں اور اسلاف کو وہ ناسمجھ، نادان، ناواقف اور جاہل سمجھتے ہیں۔ اُن کی پیروی کرنا فرسودگی، ذلت و رسوائی تصور کرتے ہیں اور ایسی ہر چیز سے پیچھا چھڑانا چاہتے ہیں جس کا تعلق ماضی سے ہے۔ لیکن اُن کے دور نگے پن اور ناسمجھی کی انتہا یہ ہے کہ وہ اپنے باپ دادا کی بڑائی اور شان و شوکت بیان کرنے سے اپنے آپ کو نہیں روکتے۔ فارسی میں کہاوت مشہور ہے "پدرم سلطان بود" مطلب یہ کہ میرا باپ بادشاہ تھا۔ دادا بھی بادشاہ رہا ہوگا۔ کیا یہ دونوں پرانے اور دقیانوسی نہیں ہو گئے۔ اب دیکھئے کہ پیارے نبی ﷺ اس دور ترقی کو جہالت کا دور کہتے ہیں۔ اوپر جن لوگوں کا ذکر کیا گیا وہ اپنے اسلاف کے ساتھ نبی ﷺ کے متعلق بھی یہی عقیدہ رکھتے ہیں۔ کیا یہ لوگ مومن یا مسلم کہے جا سکتے ہیں؟

زیاد بن ولید کہتے ہیں، رسول اللہ نے ایک خطرناک بات کا ذکر کیا کہ ایسا وقت آئے گا جب علم مٹ جائے گا۔ میں نے کہا اے اللہ کے رسول علم کیوں کر مٹ جائے گا جب کہ ہم قرآن پڑھ رہے ہیں اور اپنی اولاد کو پڑھا رہے ہیں اور ہمارے بیٹے اپنی اولاد کو پڑھاتے رہیں گے؟ رسول اللہ نے فرمایا: اے زیاد میں تو تمہیں مدینہ کا انتہائی ہوش مند آدمی سمجھتا تھا، کیا تم نہیں دیکھتے ہو کہ یہود و نصاریٰ تورات اور انجیل کو کس قدر پڑھتے ہیں، مگر ان کی تعلیمات پر کچھ بھی عمل نہیں کرتے۔ (ابن ماجہ) نبی ﷺ کا یہ فرمان آج سو فیصد سچ اور صحیح ثابت ہو رہا ہے۔ کیا آج کا تعلیم یافتہ مسلمان قرآن کا علم رکھتا ہے۔ عام مسلمان کو تو چھوڑیے، یہ جو مدرسے سے نکلے ہوئے عالم فاضل ہیں کیا یہ قرآن کا وہ اصلی علم رکھتے ہیں جن کے متعلق نبی ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سب سے اچھے وہ لوگ ہیں جو قرآن کا علم حاصل کریں اور دوسروں کو سکھائیں۔ کیا قرآن ناظرہ پڑھنا نہیں اس کا علم سیکھنے سکھانے کا کام ہو رہا ہے؟

(۲) آج کا ہر مسلمان عزت کا طلب گار اور شوقین ہے، لیکن اس کو یہ نہیں معلوم ہے کہ عزت کس کو ملتی ہے اور کس کو نہیں ملتی ہے۔ قرآن میں لکھا ہے کہ عزت اور حکومت دینا اور عزت اور حکومت چھین لینا اللہ کے اختیار میں ہے۔ کیا بے دین، دنیا پرست اور دولت کے لالچی آج کے مسلمان اللہ سے ملنے والی عزت کے حقدار ہیں؟ جس کو اللہ عزت اور حکومت نہ دے کر ذلیل اور غلام بنانے کا فیصلہ کر دے، تو پھر ایسے مسلمانوں کو حکومت و عزت کہاں سے ملے گی اور ان حکومت و عزت کون دے گا۔ کیا الیکشن کی چالبازیوں سے یہ حکومت اور عزت حاصل کر لیں گے؟ نیچے کی بات پڑھئے اور سمجھئے:

عزت اسلام سے ہے: طارقؓ کہتے ہیں، حضرت عمرؓ خلیفہ وقت کی حیثیت سے اونٹنی پر سوار ملک شام کے سرکاری دورے پر نکلے۔ راستے میں کسی مقام پر ندی پار کرنی تھی، (ندی میں پانی کم تھا) حضرت عمرؓ اونٹنی سے اترے، اپنے چمڑے کے موزے اتار کر کندھے پر رکھ لیے اور اونٹنی کی نکیل پکڑ کر پانی میں گھس پڑے۔ حضرت ابوعبیدہؓ نے کہا آپ امیر المومنین اور خلیفہ ہو کر ایسا کرتے ہیں؟ مجھے اچھا نہیں لگتا کہ شہر کے عیسائی باشندے آپ کو اس حال میں دیکھیں (یعنی حقیر نہ سمجھیں)۔ حضرت عمرؓ نے کہا آہ اے ابو عبیدہ، تم ایسا کہتے ہو، ہم ذلیل ترین لوگ تھے، لیکن اللہ نے اسلام کی بدولت ہمیں عزت و سربلندی بخشی، ہم جب بھی اسلام کے سوا کسی اور چیز کے ذریعہ عزت و سربلندی چاہیں گے، اللہ ہمیں ذلیل کر دے گا۔ (یعنی عزت و سربلندی ہم سے چھین لے گا اور غلامی و محکومی ہمارا مقدر بن جائے گی) (المنذری بحوالہ مستدرک حاکم)

غور فرمایئے کیا آج کا سرمایہ دار مسلم طبقہ سچا مسلمان بننے کو فخر و عزت کا معیار مانتا ہے یہ یہودی، عیسائی اور صنم پرستوں کی نقالی میں فخر و عزت کا تصور رکھتا ہے؟ کیا آج کے نقلی مسلمان عزت و عظمت کے حقدار بن سکتے ہیں؟ عام آدمی کی کیا بات کریں نامور علما بھی بے عزتی اور رسوائی کی زندگی گزار رہے ہیں۔ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: جو کسی قوم کی مشابہت اختیار کرتا ہے تو اس کا شمار انہیں میں ہوتا ہے۔ (ابوداؤد) جو لوگ عیسائی، یہودی اور دوسرے مذہب والوں کی نقل کرتے ہوئے زندگی گزار رہے ہیں، اس حدیث کے مطابق اُن کا حشر کیا ہوگا؟

(۳) دنیا کی چاٹ لگ جائے گی: عمرو بن عوفؓ سے روایت ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے تم پر فقر و ناداری کا زیادہ اندیشہ نہیں ہے، بلکہ مجھے اندیشہ اس بات کا ہے کہ تم پر دنیاوی مال و متاع کے دروازے کھول دیے جائیں جس طرح تم سے پہلے کے لوگوں پر کھول دیے گئے، پھر تمہیں دنیا کی اسی طرح چاٹ لگ جائے جس طرح تم سے پہلے کے لوگوں کو لگی تھی (نتیجہ یہ نکلے گا) کہ دنیا تمہیں اس طرح تہس نہس کر کے رکھ دے جس طرح تم سے پہلے کے لوگوں کو اس نے برباد کیا۔ (بخاری و مسلم) کیا آج مسلمانوں کا یہی حال نہیں ہے؟ نبی ﷺ فرما رہے ہیں کہ اہل ایمان کے لئے فقر و ناداری اصل مسئلہ نہیں ہے، بلکہ اُن کا مالدار اور دولت کا پرستار ہو جانا خطرے کی بات ہے۔ کیونکہ دولت اپنے ساتھ انسان کی زندگی کی تباہی و بربادی لاتی ہے۔ اور دنیا کے ساتھ آخرت بھی تباہ و برباد کر دیتی ہے۔ کیا آج کا مسلمان اپنے پیارے نبی ﷺ کی اس بات کو جانتا اور مانتا ہے؟ وہ تو اس بات کی شدید مخالفت کرتا ہے اور ہر آدمی دوسرے سے زیادہ دولت مند اور مالدار بن جانا چاہتا ہے۔ یہی بات اللہ تعالیٰ نے سورہ الماعون میں بھی کہی ہے جس کی تشریح نبی ﷺ کی یہ حدیث ہے۔ اس بات کو مسلسل کئی حدیثوں میں بیان کیا گیا ہے:

(۴) دنیا سازی: حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں رسول اللہ نے فرمایا: میں اپنی امت کے بارے میں دو چیزوں کا بہت زیادہ اندیشہ کرتا ہوں، ایک دنیا و اسباب دنیا کی محبت، دوسرے یہ دنیا سازی کے لیے چوڑے منصوبے بنانے لگے گی۔ تو جب دنیا کے نتیجے میں یہ حق سے دور جا پڑے گی اور دنیا سازی اسے آخرت سے غافل کر دے گی۔ سنو دنیا تیزی سے جا رہی ہے اور آخرت تیزی سے آ رہی ہے اور دونوں کے ماننے والے اس سے محبت کرتے ہیں، ہو سکے تو تم دنیا کے پرستار نہ ہو، تم اس وقت عمل کی دنیا میں ہو اور یوم حساب نہیں آیا ہے، کل تم آخرت میں ہو گے جہاں حساب ہوگا اور عمل کا کوئی موقع نہیں ہوگا۔ (مشکوٰۃ)

(۵) دنیا کی خوش حالی اور تنگ دستی: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دنیا کے سب سے خوش حال جہنم کے مستحق آدمی کو لایا جائے گا اور جہنم میں ڈال دیا جائے گا، جب آگ اس کے جسم پر اپنا پورا اثر دکھا دے گی تب اس سے پوچھا جائے گا اے آدم کے بیٹے کبھی تو نے اچھی حالت دیکھی ہے؟ تجھ پر کبھی عیش و آرام کا دور گزرا ہے؟ وہ کہے گا نہیں تیرے رب کی قسم کبھی نہیں۔ اور پھر دنیا کے سب سے زیادہ تنگی کی حالت میں زندگی گزارنے والے جنت کے مستحق آدمی کو لایا جائے گا اور جنت میں رکھا جائے گا۔ جب اس پر جنت کی نعمتوں کا رنگ خوب چڑھ جائے گا تب اس سے پوچھا جائے گا اے آدم کے بیٹے کبھی تو نے دنیا میں تنگی دیکھی ہے؟ کبھی تجھ پر تکلیفوں کا دور آیا ہے؟ وہ کہے گا نہیں میرے رب میں کبھی تنگ دستی اور محتاجی میں گرفتار نہیں ہوا مجھ پر تکلیفوں کا کبھی کوئی دور نہیں آیا۔ (مسلم)

(۶) حضرت کعب بن عیاض روایت کرتے ہیں انہوں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا: ہر امت کے لئے ایک آزمائش ہوتی ہے اور میری امت کی آزمائش کے لئے مال و دولت ہے۔ (ترمذی) آدمی آزمائش سے بچنا چاہتا ہے یا آزمائش میں پڑنا چاہتا ہے؟

(۷) حضرت سہل بن سعدؓ روایت کرتے ہیں رسول اللہ نے فرمایا: اگر دنیا کی وقعت اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو وہ اس میں سے کافر کو ایک گھونٹ پانی بھی نہ پلاتا۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

(۸) رسول اللہ نے فرمایا: دنیا سرسبز و شاداب اور لذیذ ہے اور اللہ نے تم کو اس میں تم کو خلافت دی ہے تاکہ وہ دیکھے کہ تم یہاں کیسے کام کرتے ہو؟ (مسلم)

(۹) حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ اگر اہل علم اپنے علم کی حفاظت کرتے ہوئے اس کو صرف اہل لوگوں کو سکھائیں تو اپنے زمانے کے سردار بن جائیں گے۔ لیکن علم اگر دنیا داروں کو سکھایا تاکہ دنیا حاصل کر لیں تو انہیں ذلت ہوگی۔ آج علماء دولت مندوں کی خوشامد میں لگے ہیں۔

(۱۰) حضرت عبداللہ ابن مسعود؟ کہتے ہیں، میں نے رسول اللہ سے سنا ہے کہ جس نے صرف آخرت کو اپنا مقصود بنایا تو دنیا کے مقاصد کے لئے اللہ تعالیٰ اس کو کافی ہے۔ اور جس کے مقاصد دنیا کی طرح پراگندہ ہو گئے اللہ تعالیٰ کو پرواہ نہیں کہ وہ کس جنگل میں مرتا ہے۔ (بیہقی) کیا آج کا مسلمان اپنی دنیا خود بنانے کی جگہ اللہ کے حوالے کرنے کو تیار ہے؟

(۱۱) ذخیرہ اندوزی: حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے غلہ روکا وہ خطا کار ہے۔ (مسلم)

(۱۲) ذلت و محکومی مسلط ہو جائے گی: حضرت ابن عمرؓ روایت کرتے ہیں رسول اللہ نے فرمایا: جب تم عینہ کے ساتھ کاروبار کرنے لگو گے، جب تم بیل کی دم تھام لو گے اور کھیتی باڑی میں مگن ہو جاؤ گے اور جہاد کو ترک کر دو گے تو اللہ تعالیٰ تم پر ذلت اور مسکینی مسلط کر دے گا جو تم سے کبھی نہیں ہٹے گی جب تک تم دین کی طرف نہیں پلٹو گے۔ (ابوداؤد) عینہ کہتے ہیں طویل مدت کے لئے سامان ادھار دے کر زیادہ قیمت وصول کرنا۔

(۱۳) حضرت معاذ بن جبلؓ روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ مجھے یمن کا گورنر بنا کر بھیج رہے تھے تو اس موقع پر فرمایا: اے معاذ! اپنے کو عیش و عشرت میں پڑنے سے بچانا کیونکہ خدا کے بندے عیش کوش نہیں ہوتے۔ (مشکوٰۃ) آج کا مسلمان نبی ﷺ کی یہ بات کہنے والوں کو بیوقوف سمجھتا ہے۔ یعنی نبی ﷺ کو بیوقوف کہہ رہا ہے۔ اس کی شیطانی جرأت کو دیکھئے۔

(۱۴) حضرت ابو ہریرہؓ اس بات کو رسول اللہ ﷺ تک پہنچاتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو کوئی مر جاتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں کہ اس نے آگے کیا بھیجا؟ اور آدم کے بیٹے کہتے ہیں کہ اس نے پیچھے کیا چھوڑا۔ (بیہقی) یعنی اپنا سب کچھ دنیا میں چھوڑ کر چلا گیا نادان اپنے ساتھ کچھ نہیں لے گیا۔

(۱۵) معقل بن یسارؓ نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے سنا: جو شخص مسلمانوں کے اجتماعی معاملات کا ذمہ دار ہو اور وہ ان کے ساتھ خیانت کرے تو اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کر دے گا۔ (بخاری/مسلم) امیر اور امام کی ذمہ داری ہے کہ عدل و انصاف کے ساتھ مسلم عوام کے درمیان نظم قائم رکھے، غیر جانبدار بن کر معاملات کا فیصلہ کرے اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرے۔ جو ایسا نہیں کرے گا وہ جہنم میں جائے گا۔ کیا آج جنت میں جانے والے ایسے امیر اور امام دکھائی دیتے ہیں۔

(۱۶) بستی والوں پر عذاب: حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں رسول اللہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے جبرئیل کو وحی کی کہ فلاں بستی کو اس کے باشندوں سمیت الٹ دو۔ انہوں نے عرض کیا اے رب! اس میں تو تیرا فلاں بندہ بھی ہے جس نے کبھی تیری نافرمانی نہیں کی۔ فرمایا اس کے سمیت ان پر بستی کو الٹ دو کیوں کہ ایک لمحہ کیلئے بھی اس کا چہرہ (برائی پر) غمزدہ نہیں ہوا۔ (بیہقی) مسلم سماج میں برائیاں پھیل رہی ہوں اور دین پسند کہے جانے والے لوگوں کو اس کی روک تھام کی کوئی فکر نہ ہو۔ وہ صرف اپنی نمازوں، تسبیحوں اور نبی ﷺ پر سلام پڑھنے میں مست ہوں تو ایسے لوگوں سمیت مسلم آبادی کا کیا حال ہوگا، یہ حدیث بتاتی ہے۔ کوئی مسلمان سدھرنا اور اپنی اصلاح کرنا نہیں چاہتا ہے اور اس کی دوا اور دعا نہیں کرتا۔ دوسروں سے دعا کی بھیک مانگتا رہتا ہے

(۱۷) ناتوانوں کا مقام: مصعب بن سعدؓ سے روایت ہے، انہوں نے کہا سعد نے خیال کیا کہ اسے اپنے سے کمتر لوگوں پر برتری حاصل ہے (اس بات پر) آں حضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں ضعیفوں اور کمزوروں کی وجہ سے ہی خدا کی طرف سے مدد اور روزی میسر ہوتی ہے۔ (بخاری)

ایک خاص گزارش: خاکسار دین کے میدان میں صرف تقریر اور تحریر کے ذریعہ ہی جہاد نہیں کر رہا ہے بلکہ عملی طور پر محتاج اور مجبور بندگان خدا کی امداد و اعانت کا کام بھی انجام دے رہا ہے۔ ایک نیک خاتون اور اُن کے مرحوم نیک شوہر کی خواہش پر 1 میں ایک "عوامی بیت المال" قائم ہوا جس کی ابتدا پانچ ہزار روپے کی قلیل رقم سے ہوئی تھی۔ بیت المال کی آمدنی بفضل رب بڑھتی گئی اور اس سے فیضیاب ہونے والوں کی تعداد بھی بڑھتی گئی۔ اللہ نے ایسا فضل فرمایا کہ 2021ء سے 2022ء تک کے لاک ڈاؤن کے درمیان دس لاکھ روپے معذور و محتاج مستحقین تک پہنچائے گئے۔ اس بیت المال کے کام کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ وقتی طور پر ہر طرح کے محتاج و مجبور کی مدد کر دی جاتی ہے۔ لیکن جو خاندان یا افراد مستقل مدد کے حقدار ہوتے ہیں اُن کے دین پسند، پابند شریعت، نمازی اور نیک انسان ہونے کی مکمل تحقیق کرنے کے بعد ماہانہ امداد کا انتظام کیا جاتا ہے۔ اُن سے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جو نیک بندے آپ کے گھر کے چولہے کو روشن کرنے میں لگے ہیں اُن کی دنیا اور آخرت کی فلاح و نجات کے لئے اپنی پانچ وقت کی نمازوں میں خصوصی دعائیں کیا کیجئے۔ اس بیت المال کی بنیاد نبی ﷺ کا یہ فرمان ہے "حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: محتاج اور نادار لوگوں کے لئے دوڑ دھوپ کرنے والا، اُس آدمی کی طرح ہے جو اللہ کی راہ (جہاد) میں سرگرمی دکھا رہا ہے۔ (راوی کا بیان ہے) میرا خیال ہے کہ آپ نے فرمایا: ایسا آدمی اُس تہجد گزار کی طرح ہے جو نوافل کی ادائیگی سے تھکتا نہیں ہے، یا اُس روزہ دار کی طرح ہے جو روزے رکھنا نہیں چھوڑتا۔ (بخاری و مسلم) غور فرمائیے کیا محتاج و مجبور کی مدد کرنے کا مقابلہ بے روح نفل نماز، دکھاوے کا عمرہ، تسبیح و وظیفہ کر سکتا ہے؟ اور وہ فرمان رسول ﷺ جس کا منظوم ترجمہ اس طرح ہے: خدا رحم کرتا نہیں اُس پہ ہرگز - نہیں رحم کرتا جو بندوں پہ انساں۔ ماہ رمضان کے قدموں کی آہٹ سنائی دے رہی ہے۔ آپ اگر اپنی زکوٰۃ و صدقات اور عطیات صحیح اور حقدار لوگوں تک پہنچانا چاہتے ہیں تو آگے بڑھئے اور ہمارا تعاون کیجئے۔

آپ خدا کے فرماں بردار ہیں

یا شیطان کے پیروکار

ابونصر فاروق

ہم نے انسان کو سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے بنایا۔ (۲۶) اور اس سے پہلے جنوں کو ہم آگ کی لپٹ سے پیدا کر چکے تھے۔ (۲۷) پھر یاد کرو اس موقع کو جب تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا کہ میں سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے ایک بشر پیدا کر رہا ہوں۔ (۲۸) جب میں اسے پورا بنا چکوں اور اس میں اپنی روح سے کچھ پھونک دوں تو تم سب اس کے آگے سجدے میں گر جانا۔ (۲۹) چنانچہ تمام فرشتوں نے سجدہ کیا (۳۰) سوائے ابلیس کے کہ اس نے سجدہ کرنے والوں کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا۔ (۳۱) رب نے پوچھا اے ابلیس، تجھے کیا ہوا کہ تو نے سجدہ کرنے والوں کا ساتھ نہ دیا؟ (۳۲) اُس نے کہا، میرا یہ کام نہیں ہے کہ میں بشر کو سجدہ کروں جسے تو نے سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے پیدا کیا ہے۔ (۳۳) رب نے فرمایا اچھا تو نکل جا یہاں سے کیونکہ تو مردود ہے۔ (۳۴) اور اب روز جزا تک تجھ پر لعنت ہے۔ (۳۵) اُس نے عرض کیا، میرے رب یہ بات ہے تو پھر مجھے اُس روز تک کی مہلت دے جب کہ انسان دوبارہ اٹھائے جائیں گے۔ (۳۶) فرمایا اچھا تجھے مہلت ہے۔ (۳۷) اُس دن تک جس کا وقت ہمیں معلوم ہے۔ (۳۸) وہ بولا میرے رب جیسا تو نے مجھے بہکایا اسی طرح اب زمین میں ان کے لئے دل فریبیاں پیدا کر کے ان سب کو بہکا دوں گا۔ (۳۹) سوائے تیرے ان بندوں کے جنہیں تو نے ان میں سے خالص کر لیا ہو۔ (۴۰) فرمایا یہ راستہ ہے جو سیدھا مجھ تک پہنچتا ہے۔ (۴۱) بے شک جو میرے حقیقی بندے ہیں ان پر تیرا بس نہ چلے گا، تیرا بس تو صرف ان بہکے ہوئے لوگوں پر ہی چلے گا جو تیری پیروی کریں گے۔ (۴۲) اور ان سب کے لئے جہنم کی وعید ہے۔ (۴۳) یہ جہنم (جس کا وعدہ ابلیس کی پیروی کرنے والوں سے کیا گیا ہے) اُس کے سات دروازے ہیں۔ ہر دروازے کے لیے اُن میں سے ایک حصہ مخصوص کر دیا گیا ہے۔ (۴۴) (الحجر: ۲۶ تا ۴۴)

(۲) اور یاد کرو جب ہم نے ملائکہ سے کہا آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا، مگر ابلیس نے نہ کیا۔ اس نے کہا کیا میں اس کو سجدہ کروں جسے تو نے مٹی سے بنایا ہے۔ (۶۱) پھر وہ بولا دیکھ تو سہی کیا یہ اس قابل تھا کہ تو نے اسے مجھ پر فضیلت دی؟ اگر تو مجھے قیامت کے دن تک مہلت دے تو میں اس کی پوری نسل کی جڑ کھود ڈالوں، بس تھوڑے ہی لوگ مجھ سے بچ سکیں گے۔ (۶۲) اللہ تعالیٰ نے فرمایا اچھا تو جا، ان میں سے جو بھی تیری پیروی کریں، تجھ سمیت ان سب کے لئے جہنم ہی بھرپور جزا ہے۔ (۶۳) تو جس جس کو اپنی دعوت سے پھسلا سکتا ہے پھسلا لے، ان پر اپنے سوار اور پیادے چڑھا لا، مال اور اولاد میں ان کے ساتھ ساجھا لگا اور ان کو وعدوں کے جال میں پھانس اور شیطان کے وعدے ایک دھوکے کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ (۶۴) یقیناً میرے بندوں پر تجھے کوئی اقتدار حاصل نہیں ہوگا۔ اور توکل کے لئے تیرا رب کافی ہے۔ (۶۵) (الاسراء: ۶۱ تا ۶۵) (۳) پھر ذرا اس وقت کا تصور کرو جب تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا تھا کہ میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں، انہوں نے عرض کیا: کیا آپ زمین میں کسی ایسے کو مقرر کرنے والے ہیں جو اس کے انتظام کو بگاڑ دے گا اور خوں ریزیاں کرے گا؟ آپ کی حمد و ثنا کے ساتھ تسبیح اور آپ کی تقدیس تو ہم کر ہی رہے ہیں۔ فرمایا میں جانتا ہوں، جو کچھ تم نہیں جانتے۔ (۳۰) اس کے بعد اللہ نے آدم کو ساری چیزوں کے نام سکھائے، پھر انہیں فرشتوں کے سامنے پیش کیا اور فرمایا، اگر تمہارا خیال صحیح ہے (کہ کسی خلیفہ کے تقرر سے انتظام بگڑ جائے گا) تو ذرا ان چیزوں کے نام بتاؤ۔ (۳۱) انہوں نے عرض کیا، نقص سے پاک تو آپ ہی کی ذات ہے، ہم تو بس اتنا ہی علم رکھتے ہیں، جتنا آپ نے ہم کو دیا ہے۔ حقیقت میں سب کچھ جاننے والا اور سمجھنے والا آپ کے سوا کوئی نہیں ہے۔ (۳۲) پھر اللہ نے آدم سے کہا، تم ان چیزوں کے نام بتاؤ۔ جب اُس نے اُن کو سب کے نام بتا دیے تو اللہ نے فرمایا، میں نے تم سے کہا نہ تھا کہ میں آسمانوں اور زمین کی وہ ساری حقیقتیں جانتا ہوں جو تم سے مخفی ہیں، جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو، وہ بھی مجھے معلوم ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اُسے بھی میں جانتا ہوں۔ (۳۳) پھر جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کے آگے جھک جاؤ، تو سب جھک گئے مگر ابلیس نے انکار کیا۔ وہ اپنی بڑائی کے گھمنڈ میں پڑ گیا اور نافرمانوں میں شامل ہو گیا۔ (۳۴) پھر ہم نے آدم سے کہا تم اور تمہاری بیوی، دونوں جنت میں رہو اور یہاں بہ فراغت جو چاہو کھاؤ پیو، مگر اس درخت کے قریب نہ جانا، ورنہ ظالموں میں شمار ہو گے۔ (۳۵) آخر کار شیطان نے اُن دونوں کو اُس درخت کی ترغیب دے کر ہمارے حکم کی پیروی سے ہٹا دیا اور انہیں اُس حالت سے نکلوا کر چھوڑا جس میں وہ تھے۔ (۳۶) اُس وقت آدم نے اپنے رب سے چند کلمات سیکھ کر توبہ کی، جس کو اس کے رب نے قبول کر لیا، کیونکہ وہ بڑا معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔ (۳۷) ہم نے حکم دیا کہ اب تم سب یہاں سے اتر جاؤ، تم ایک دوسرے کے دشمن ہو اور تمہیں ایک خاص وقت تک زمین میں ٹھہرنا اور وہیں گزر بسر کرنا ہے۔ پھر جو میری طرف سے کوئی ہدایت تمہارے پاس پہنچے، تو جو لوگ میری اس ہدایت کی پیروی کریں گے ان کے لئے کسی خوف اور رنج کا موقع نہیں ہوگا (۳۸) اور جو لوگ اس کو قبول کرنے سے انکار کریں گے اور ہماری آیات کو جھٹلائیں گے وہ آگ میں جانے والے لوگ ہیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ (۳۹) (البقرہ) ان آیتوں کے مطالعہ سے یہ باتیں معلوم ہوتی ہیں:

ان آیتوں کے مطالعہ سے درج ذیل باتیں معلوم ہوتی ہیں:

(۱) اللہ نے آدم کو زمین پر خلیفہ بنا کر بھیجنے کا فیصلہ کیا تو اُن کو ہر اُس چیز کا علم دے دیا جس کی دنیا میں قیامت تک انسانوں کو ضرورت ہونی ہے۔ لیکن عیسائی قوم نے جب ترقی کی اور دنیا اُن کے ہاتھوں میں آئی تو اُس قوم نے دنیا کو ایک جھوٹی کہانی سنائی کہ انسان آدمی کی شکل میں پیدا ہی نہیں ہوا اور اللہ نے یہ کائنات بنائی ہی نہیں۔ ایک حادثہ ہوا جس کو بگ بینگ (BangBig) کا نام دیا گیا، اور اُس حادثے کے نتیجے میں سورج سے ایک ٹکڑا الگ ہو کر ان گنت زمانے تک ٹھنڈا ہوتا رہا جو زمین کہلایا۔ پھر آہستہ آہستہ اُس پر زندگی کے آثار پیدا ہوئے۔ ایک خلیہ (cellSingular) ترقی کر کے حیوان بنا۔ پھر بندر بنا اور بندر ترقی کرتے کرتے انسان بن گیا۔ جس یہودی نے دنیا کو یہ تصور دیا اُس کے شاگردوں نے پوچھا کہ اُس وقت جو کچھ ہوا آج کیوں نہیں ہو رہا ہے؟ چونکہ یہ ایک مکمل جھوٹی بات تھی اس لئے نہ استاد اس سوال کا جواب دے سکا اور نہ آج تک اس کا جواب مل سکا۔

(۲) سارے فرشتوں سے سجدہ کرایا یعنی قیامت تک فرشتوں کو اللہ کے محبوب بندوں کا ہر حال میں ساتھ دینا اور اُن کی مدد کرنی ہے۔ انسان کائنات میں سب سے زیادہ کمزور مخلوق ہے۔ انسان غیبی طاقتوں کے سہارے کے بغیر زمین پر زندہ رہ ہی نہیں سکتا ہے۔ یہ سانس لیتا ہے جس میں دو طرح کی گیسیں ہوتی ہیں۔ ایک اور دوسری۔ اللہ نے ہوا پیدا کی جو اتنی طاقتور ہے کہ جب طوفان بن کر چلتی ہے تو انسانی آبادی کو تہس نہس کر دیتی ہے۔ اللہ نے اس ہوا کو کئی شکل دی۔ ایک ہوا تو وہ ہے جو مسلسل چلتی رہتی ہے جس کی وجہ سے انسانی جسم کو زندگی بھی ملتی ہے اور راحت بھی ملتی ہے۔ یہ کبھی بہت زیادہ گرم ہو جاتی ہے اور کبھی بہت زیادہ ٹھنڈی۔ دونوں ہی انسان کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ اللہ نے انسانی جسم کو ایسا بنایا ہے کہ وہ دونوں طرح کی ہواؤں میں زندہ رہ سکتا ہے اور اپنا کام کر سکتا ہے۔ یہ ہوا نظر کا غیب ہے یعنی دکھائی نہیں دیتی۔ خوشبو اور بدبو اسی ہوا کے ذریعہ ادھر سے ادھر سفر کرتی ہے۔ اسی طرح فرشتے دنیا میں ہر دم انسانوں کے ساتھ رہتے ہیں اور اللہ نے جو تقدیر (Program) بنایا ہے اُس کے مطابق کے حکم سے اُس کی مدد کرتے رہتے ہیں۔ فرشتے بھی غیب ہیں دکھائی نہیں دیتے۔ (۳) شیطان نے اپنی بڑائی کے گھمنڈ کیا جو غلط تھا۔ شیطان زمین پر بدی کا نمائندہ بن کر آیا۔ اس کا مقصد ہے انسان کو گمراہ کر کے جہنم کا حقدار بنانا۔ کائنات کی ہر چیز تقدیر (Program) کی پابند ہے۔ اپنے ارادے اور خواہش سے کچھ بھی نہیں کر سکتی ہے۔ لیکن انسان کو یہ اختیار دیا کہ وہ اپنے ارادے سارے چاہے تو نیکی کی راہ اپنائے یا بدی کے راستے پر چلے۔ یا تو اللہ کے حکم کا پابند بن کر رہے اور دنیا کی زندگی پوری کرنے کے بعد جنت میں چلا جائے یا شیطان کا پیروکار بن کر دنیا میں رہے اور مر کر جہنم کی آگ میں ہمیشہ ہمیشہ جلتا رہے۔ انسان کا یہ دونوں انجام اُس کے اپنے ارادے اور عمل سے ہوتا ہے۔ اللہ نے دوسری مخلوق کی طرح اُس کو ارادے والے عمل سے محروم نہیں رکھا ہے۔

(۴) شیطان نے اللہ کے حکم پر سجدہ کرنے سے انکار کیا۔ نماز کا پابند ہونا اور اللہ کو سجدہ کرنا اللہ کا فرماں بردار ہونے کی پہچان ہے۔ جو انسان اسلام کو اپنا دین بنا کر اپنے ایمان کا اعلان نہیں کرتا اور پانچ وقتوں کی نماز ادا کر کے سجدے کا خود کو پابند نہیں بناتا، وہ شیطان کی پیروی کرنے والا ہے جس نے اللہ کے حکم پر سجدہ کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ قرآن نے کہا ہے کہ سچے نمازی کی پہچان یہ ہے کہ اُس کی نماز اُس کو شیطان سے بچاتی ہے اور ہر برے اور گندے کام سے اُس کو روکتی ہے۔ جو آدمی نماز پڑھنے کے بعد بھی گناہوں کے کام کرتا رہتا ہے وہ اصلی نہیں نقلی نمازی ہے جو مجرم ہے۔

(۵) شیطان نے سجدہ نہیں کرنے کی وجہ بتائی کہ آدم مجھ سے کمتر ہے۔ کمتر بہتر کو سجدہ کیسے کرے گا؟ یہ طے کرنا اللہ کا حق ہے کہ اُس کی مخلوق میں کون چھوٹا اور نیچا ہے اور کون بڑا اور اونچا ہے۔ شیطان نے خود کو اونچا بتا کر اللہ کا حق ہتھیانا چاہا جو سنگین جرم تھا۔ اس جرم کے نتیجے میں وہ دربار الٰہی سے نکال باہر کیا گیا۔ دنیا میں جو لوگ اپنے کو اونچا سمجھتے ہیں اور دوسروں کو نیچا سمجھتے ہیں وہ بھی شیطان کے ساتھی ہیں۔ اس احساس کو غرور اور گھمنڈ کہتے ہیں۔ جس درخت میں پھل نہیں لگتا وہ لمبا تنا ہوا کھڑا رہتا ہے۔ جس درخت میں پھل لگتے ہیں وہ پھلوں کے بوجھ سے جھک جاتا ہے۔ اسی طرح دنیا میں جو اچھے لوگ ہیں وہ اپنی نیکیوں کے بوجھ سے جھکے ہوئے رہتے ہیں۔ ہر ملنے والے سے انکساری اور عاجزی کے ساتھ ملتے ہیں۔ لیکن جو لوگ نیک نہیں ہوتے ہیں وہ بے پھل والے درخت کی طرح اکڑ کر اور تن کر چلتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ اینٹھ کر باتیں کرتے ہیں۔ اللہ نے یہ ایسی کیفیت پیدا کی ہے جس سے کسی انسان کو دیکھ کر ہی اُس کے اچھے یا برے ہونے کی پہچان ہو جاتی ہے۔ کوئی نیک بننے یا کسی کو برا بنانے کا کتنا ہی جتن کرے، سمجھدار انسان کسی کے طور طریقے کو دیکھ کر خود ہی فیصلہ کر لیتا ہے۔

وطن سرینگر

ستی سر میں پانی کی عدم دستیابی کے بیچ فیس میں غیر معمولی اضافہ حیران کن

کشمیر جس کو کتابوں میں ستی سر بھی کہا جاتا ہے گویا یہ سرزمین آب گیر تھی لیکن اس آبی بستی میں بھی پانی پر ٹیکس لگایا جارہا ہے جو کسی المیہ سے کم نہیں ہے۔ اس خطے میں ایسے آبی ذخائر موجود ہیں جو سخت خشک موسم کے باوجود بھی تر اور ان میں پانی کا بہاؤ برقرار رہتا ہے۔ لیکن پانی کی بہتات ہونے کے باوجود بھی اس خطے کے لوگ پانی کے ایک ایک بوند کیلئے ترستے رہتے ہیں۔ حالانکہ یہاں صدیوں سے واٹر سپلائی اسکیم شہرو دیہات میں قائم کی گئی ہے لیکن بیشتر علاقوں میں ہر روز یہ شکایات رہتی ہیں کہ وہ پانی کیلئے ترس رہے ہیں اور لوگ محکمہ پی ایچ ای کیخلاف سراپا احتجاج ہوتے ہیں۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ انسانی زندگی کیلئے پانی اہم جُز ہے اور اس کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ بھی دہائیوں قبل معرض وجود میں لایا گیا ہے لیکن یہ محکمہ اپنی ذمہ داریوں سے پلے جاڑ رہے ہیں۔ پانی کی عدم دستیابی کولیکر ندی نالوں کا گندہ پانی پینے پر مجبور ہورہے ہیں جس سے وبائی بیماریاں پھوٹ پڑتی ہیں۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ دو دہائی قبل یہاں کے لوگ ندی و نالوں کے بہتے پانی کو ہی استعمال میں لایا کرتے تھے اور لوگ اتنے حساس تھے کہ آب رواں یا چشموں و جھیلوں میں کوڈا کرکٹ وغلاظت ڈالنے میں احتیاط سے کام لیتے تھے اور اس کو گناہ عظیم سمجھا جاتا تھا لیکن اب نام نہاد ترقی یافتہ دور میں لوگوں نے دریاؤں اور ندی نالوں کے کناروں پر بیت الخلاء تعمیر کرنے کا بھیڑا اٹھایا جبکہ سرکاری سطح پر بھی اس کے خلاف کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی جس کے نتیجے میں ہمارے دریا اور ندی نالے کوڑادان میں تبدیل ہوئے ہیں اور ان کا پانی ہمارے لئے حرام بھی بن چکا ہے اور اس کے استعمال سے مہلک بیماریاں اپنا جال بچھا رہی ہیں۔ لوگوں نے اس عظیم نعمت کی بے قدری کی جس کا خمیازہ ہمیں اٹھانا پڑرہا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ پانی کی بہتات اور ذخائر موجود ہونے کے باجود بھی فیس میں امسال غیر معمولی اضافہ کیا گیا جس سے لوگ ورطہ حیرت میں پڑے ہوئے ہیں یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ پانی کے فیس میں ہر سال غیر معمولی اضافہ کرنا باعث تشویش عمل ہے۔ یہاں یہ بات غور طلب ہے کہ چند سال قبل محکمہ پی ایچ ای کی جانب سے پانی فی کنبہ سالانہ تین سو روپے فیس ہوا کرتا تھا اور وہ کم قلیل بھی صارفین اپنے لئے بارگراں سمجھتے تھے۔ تاہم گذشتہ تین چار برسوں سے فیس میں ہر سال اضافہ کرنے کی ٹھان لی ہے جبکہ رواں میں فیس بڑھانے میں حد ہی کردی گئی اور ہزاروں روپے تک سالانہ فیس پہنچائی گئی۔ ایک طرف لوگ نامساعد حالات اور کورونا وائرس کی وجہ سے مالی ابتری کے شکار ہوئے ہیں تو دوسری طرف محکمہ جھل شکتی نے کوئی پاس ولحاظ کئے بغیر پانی کے فیس میں غیر معمولی اضافہ کرکے لوگوں کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا ہے۔ بیشتر صارفین ایسے ہیں جو اتنی رقم ادا کرنے سے قاصر رہتے ہیں کیونکہ اس وقت وہ اقتصادی بدحالی کے شکار ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے حکومتی سطح پر اقدامات اٹھائے جائیں اور سالانہ فیس میں فوری طور کمی لائی جائے تاکہ صارفین کی عدم دستیابی کے حوالے سے پریشانیوں میں نمایاں کمی واقع ہوجائے اور یہ رقم کثیر بارگراں نہ بن جائے بلکہ لوگ اپنی استطاعت کے مطابق فیس کی ادائیگی ممکن بناسکیں گے۔

وہ عامل جو جڑی بوٹیوں سے 'بری قسمت، نظربد اور بیوفا شوہر کا علاج' کرتے ہیں

ہائیڈ برانڈس
بی بی سی ٹریول کے لیے

ایکواڈور کے دارالحکومت کیٹو میں ایک چھوٹی سی دکان کے عقبی کمرے میں ایک نحیف اور معمر خاتون نے میرے برہنہ جسم پر چبھن کا احساس پیدا کرنے والے پتے ملنے شروع کیے۔ وہ ہسپانوی زبان میں کچھ بڑبڑانے لگیں اور اُن کے ہاتھ میرے سر سے پیروں تک تیزی سے حرکت کرنے لگے۔ کچھ سیکنڈز میں مجھے اپنے جسم میں جلن محسوس ہونے لگی اور اس کے ساتھ سوجن کی وجہ سے جسم پر سرخ رنگ کے دھبے پڑ گئے۔ انھوں نے مجھ سے کہا کہ 'آپ کی طاقت بلاک ہوگئی ہے۔ ہمیں آپ کی طاقت کے راستے کھولنے ہوں گے۔' پھر اس جلن کے احساس کے دوران ہی انھوں نے دوبارہ میرے جسم کو جھاڑنا شروع کر دیا۔ درد برداشت کرنے کے سوا میرے پاس کوئی چارہ نہیں تھا۔ ایما لیگلا ایکواڈور کے لیمپیادور (کلینزز) میں سے ایک ہیں۔ کئی صدیوں سے یہ لوگ روایتی انداز میں لوگوں کو شفایاب کرنے کا دعویٰ کرتے چلے آرہے ہیں۔ اُن کا یقین ہے کہ اس کے پاس موجود جادوئی تاثیر رکھنے والے مقدس پودے بُری قسمت اور نظرِ بد جیسی بیماریوں کا علاج کر سکتے ہیں۔ میں ان کے پاس اپنی 'روحانی صفائی' کے لیے آئی تھی۔ اس عمل میں روایتی پودوں کو جسم سے ملا جاتا ہے تاکہ بُری قوتوں سے نجات حاصل ہو سکے۔ اس کے بعد مجھے جلن کا احساس ہوا اور پورا جسم کانپ اٹھا۔ اگر یہ کوئی مثبت علامت تھی تو شاید مجھے یہی علاج چاہیے تھا۔ ایکواڈور کے ہر بازار میں کورنڈیروز (روایتی عامل) مختلف سٹالز پر اپنے ہنر پیش کرتے ہیں۔ ان کے سٹال پر گلاب، جسے روحانی صحت سے جوڑا جاتا ہے، لیمن گراس اور چائے کے پتے موجود ہوتے ہیں جنھیں دودھ سے بننے والے ایک مشروب 'اورچاتا' میں ملایا جاتا ہے۔

اس خوشبودار تیل کے بارے میں دعویٰ کیا جاتا ہے کہ اس کی مدد سے آپ کا محبوب آپ کے قریب آئے گا۔ اس کے علاوہ ان سٹالز پر ایکواڈور کے پہاڑی سلسلے 'اینڈس ہائی لینڈز' کے پودے جیسے 'رُو' جو کہ ماہواری کے ماہانہ اوقات میں مدد کرتی ہے اور ایشپنگو ایک ایسا مسالحہ جو اینٹی فنگل خصوصیات کا حامل ہے اور معدے کے درد کے لیے چائے میں استعمال کیا جاتا ہے، بھی موجود ہوتے ہیں۔ گلیوں کے اطراف میں موجود کورنڈیروز کی ان دکانوں پر صرف جڑی بوٹیوں سے بنی مصنوعات ہی فروخت نہیں کی جاتیں بلکہ یہاں ہونے والے علاج بھی خاصے مشہور ہیں۔ (لیمپیادور وہ خاص قسم کے کورنڈیروز ہیں جو روحانی علاج کرتے ہیں)۔ میرے ٹوور گائیڈ مارکوس پیرالوو نے ایک دکان میں داخل ہوتے ہوئے مجھے بتایا کہ 'یہاں موجود یہ خواتین مریضوں پر بُرے سائے، بُری طاقتوں اور تناؤ کا علاج کرتی ہیں۔ یہ ایک قسم کی نسل در نسل منتقل ہونے والی جادوئی قسم کی دوا ہے لیکن یہ کوئی قدرتی دوا نہیں۔ آپ یہاں ایسے علاج کے لیے آتے ہیں، جو ڈاکٹر نہیں کر سکتے جیسا کہ بُرے سائے اور نظر وغیرہ کا علاج۔ یہ ان جڑی بوٹیوں کا استعمال کرتے ہیں، جو بُری طاقتوں کو جذب کر لیتی ہیں۔ یہ ہمارا عقیدہ ہے۔'' بالغ افراد جہاں روح کی بالیدگی کے لیے آتے ہیں، وہیں ایک بڑی تعداد میں آنے والے مریض چھوٹے بچے ہیں، جن کی مائیں ان کو بُری نظر سے بچانے کے لیے یہاں لاتی ہیں۔'

خوش قسمتی سے سٹینگنگ نیٹل (چبھنے والے پتے) بچوں پر استعمال نہیں کیے جاتے۔ میں نے وہاں ایک عورت کو اپنے بچے کو اٹھائے ہوئے دیکھا جب لیگلا نومولود کے جسم کو پودینے اور دوسری جڑی بوٹیوں سے مل رہی تھیں۔ اس کے بعد لیگلا نے بچے کو محفوظ رکھنے کے لیے اس کے گلے میں سبز رنگ کے ہیروں کا ایک ہار پہنا دیا۔ اس کے بعد لیگلا نے عرق گلاب میں بھگوئے گلاب کے پتوں کو بچے کے اوپر چھڑکا اور اس دوران بچہ اپنی ماں کی بازوؤں میں ہی سو گیا۔ میرے ٹوور گائیڈ نے مجھے بتایا کہ 'اب لیگلا ماں کو چائے کے لیے جڑی بوٹیاں دیں گی۔ ماں کو انھیں پینا پڑے گا کیونکہ وہ ابھی بھی بچے کی دیکھ بھال کر رہی ہیں۔ انھیں یہ چائے دن میں کئی بار پینا ہوگی۔' میرے ٹوور گائیڈ نے بتایا کہ لیمپیادور مساج کی سہولیات بھی فراہم کرتے ہیں جبکہ ان میں سے کچھ دوسرے مسائل جیسے بے وفا شوہر، کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا، گمشدہ چیزوں کی تلاش اور حتیٰ کہ طلبا کو پڑھائی میں درپیش مسائل حل کرنے کا بھی دعویٰ کرتے ہیں۔ چند لیمپیادور تو کسی مرجانے والے شخص کی روح کسی جیتے جاگتے انسان میں واپس لانے کا دعویٰ بھی کرتے ہیں۔ ایک وسیع تر روحانی صفائی میں کورنڈیروز لیمپیا کا عمل شروع کرتے ہیں، ایک ایسا عمل جس کے بارے میں یہ عقیدہ پایا جاتا ہے کہ قدرت اپنے اندر ہر مرض کے علاج کی طاقت رکھتی ہے۔ صحت حاصل کرنے کے لیے اس عمل میں مریض کے جسم پر انڈے یا سیاہ رنگ کے مردہ سؤر کو بھی رگڑا جاتا ہے، پھر اس کے بعد جڑی بوٹیاں اور سٹینگنگ نیٹل جیسے پودے استعمال کیے جاتے ہیں۔

چونکہ میں بیمار نہیں تھی تو مجھے انڈے یا سؤر کے علاج کی ضرورت نہیں تھی، میری روحانی صفائی کا یہ عمل خاصا سادہ اور تیز تھا۔ یہ ایک روحانی مساج جیسے تھا۔ چبھنے والے پتوں کی وجہ سے میرے جسم میں جلن جاری تھی کہ لیگلا نے عرق گلاب میں بھگوئی گلاب کی پتیاں میرے جسم پر رکھیں تاکہ مجھے سکون مل سکے۔ لیگلا نے وضاحت کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ 'اس سے آپ کے جسم اور روح کو سکون ملے گا۔ آپ ذہنی تناؤ کا شکار ہیں۔' ایکواڈور کے پہاڑی سلسلے اینڈین ہائی لینڈز میں ان عقیدوں پر گہرا یقین رکھا جاتا ہے لیکن ملک کے شہری علاقوں میں ان پر یقین کم ہوتا جارہا ہے لیکن پھر بھی کچھ ایسے ہسپتال ضرور موجود ہیں جہاں ڈاکٹرز لیمپیادور کو اجازت دیتے ہیں کہ وہ مریض کی 'روحانی صفائی' کریں جبکہ وہ اپنا علاج بھی جاری رکھتے ہیں۔ اس بارے میں شواہد موجود ہیں کہ آپ کا دماغ آپ کے جسم کو اس بارے میں رضامند کرسکتا ہے کہ کوئی خاص علاج کارآمد ثابت ہوسکتا ہے۔ اس حد تک کہ کچھ کیسز میں ایک میٹھی گولی بھی کسی جدید دوا کی طرح کام کرسکتی ہے، خاص کر کے درد کی صورت میں۔ میرے ٹوور گائیڈ مارکوس پیرالوو، جو یہاں پلے بڑھے ہیں، کی طرح یہاں کے مقامی افراد کو اس بارے میں رضامند کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ مارکوس نے مجھے بتایا کہ وہ جڑی بوٹیوں کی شفا بخشنے والی خصوصیات پر یقین رکھتے ہیں۔ انھوں نے مجھے بتایا کہ ایک بار ان کی دو برس کی بیٹی پریڈ کے شور شرابے سے ڈر کر بیمار پڑ گئی اور مسلسل روتی رہتی۔ مارکوس کی اہلیہ لوک علاج پر یقین نہیں رکھتی تھیں لیکن انھوں نے اپنی بیوی کو کورنڈیروز کے پاس جانے کے لیے رضامند کیا۔ مارکوس بتاتے ہیں کہ 'میری بیٹی کی روحانی صفائی کے بعد مجھے بتایا گیا کہ وہ کم از کم تین گھنٹے سوئے گی۔ میری بیٹی کبھی دن میں نہیں سوتی تھی لیکن اس دن وہ سوئی۔ وہ سوگئی اور جب جاگی تو وہ اپنے کمرے میں جانا چاہتی تھی اور وہ اپنے پیروں پر چل کر وہاں گئی۔'' اس (عمل) کے کام کرنے کے لیے آپ کو اس قسم کی چیزوں پر یقین کرنا ہوگا لیکن شہروں کے کچھ لوگ اس قسم کی چیزوں پر یقین نہیں رکھتے۔'

ایکواڈور کے دارالحکومت کیٹو میں جب میں اس دکان سے نکلی تو میرے جسم میں جلن تب بھی جاری تھی لیکن حیرت انگیز طور پر میں بہت پُرسکون محسوس کر رہی تھی۔ دس دن کے سفر کی تھکان اور تناؤ اب دور ہوتا محسوس ہو رہا تھا۔ اگلے روز صبح مجھے اپنی روح بہت ہلکی محسوس ہوئی۔ شاید میں صرف لیمپیا کی روحانی طاقت پر یقین کرنا چاہتی تھی لیکن اس سارے عمل کے دوران میں نے یہ سیکھا کہ صحت یاب اور شفا ہونے کا یہ سلسلہ خاصا طویل ہوسکتا ہے۔

تہذیبوں کا ارتقاء

ایم سرور صدیقی

برصغیر دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں کا مسکن رہا ہے کہا جاتا ہے جب حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے نکالا گیا تو وہ سری لنکا میں وارد ہوئے اس ملک میں آج بھی ایک پہاڑ کوہِ آدم کے نام سے موسوم ہے ٹیکسلا، موہن جوڑو، ہڑپہ کے قدیم آثار ثابت کرتے ہیں کہ یہاں کے لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دور بھی پہلے تہذیب یافتہ تھے۔ آج سے 25 سو قبل مسیح میں جب وادی دجلہ وفرات میں سومیری تہذیب کا دور دورہ تھا اس وقت وادی سندھ میں دراوڑ قوم بستی تھی۔ آریا جو 2000 ق م میں آندھی اور طوفان کی طرح اس خطہ میں آئے اور انہوں نے دراوڑوں کو شکست دے کر اپنی حکومت قائم کر لی۔ آریاؤں نے اس سرزمین پر صدیوں حکومت کی وادی سندھ میں ملنے والی قدیم تحریروں اور ساز وسامان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت یہاں کھروشتی، آریائی، سنسکرت، دیوناگری زبانیں اور رسم الخط مروج رہے یہ سب زبانوں کا شمار دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں ہوتا ہے۔

برصغیر کے ساتھ عربوں کے تعلقات صدیوں پرانے تھے کیونکہ خوشحالی و ہریالی کے سبب ہندوستان کے ساحلی علاقوں میں عرب تاجروں کے لئے بڑی کشش تھی ان کو یہاں تجارتی سامان اور قسم قسم کی اشیاء وافر اور کم قیمت ملتی تھیں اس لئے اکثر تجارتی قافلے ادھر کا رخ کرتے تھے۔ یہی تعلق ہند میں عربی تمدن کے فروغ کا باعث بنا۔ ایک روایت کے مطابق عہد رسالت ﷺ ہی میں ایک وفد سراندیپ (سری لنکا) سے مدینہ روانہ ہوا تھا جو بعض رکاوٹوں کی وجہ سے عہد فاروقی کی ابتدا میں وہاں پہنچا یہاں کے مقامی لوگوں نے براہ راست اسلام کا علم حاصل کیا۔ عہد فاروقی کی ابتداء میں مسلمانوں کو بھروچ (ہندوستان) اور پھر بنوامیہ کے دور دیبل کی مہم پر اس علاقہ کے سب سے طاقتور حکمران راجہ داہر کے مقابلے میں شاندار کامیابی نصیب ہوئی۔ 31ھ کے قریب مکران فتح ہوا۔ اسی طرح مختلف اوقات میں چھوٹی چھوٹی لڑائیوں میں مزید کئی علاقے مسلمانوں کے زیر نگیں آ گئے۔ سب سے موثر اور طاقتور حملہ خلیفہ ولید بن عبدالمالک کے دور حکومت میں محمدؒ بن قاسم نے کیا اور دیبل کی بندرگاہ پر فتح حاصل کی۔ اسی طرح مختلف علاقے فتح کرتے ہوئے وہ ملتان تک قابض ہو گئے۔ انہی فتوحات کے نتیجہ میں مسلمانوں نے مکمل سندھ، پنجاب اور کشمیر کے علاقے کو بھی فتح کرلیا۔ مسلمانوں کے سندھ اور ملحقہ علاقوں میں عمل دخل کی وجہ سے عربی رسم الخط قرآن مجید کی صورت میں ان علاقوں تک پہنچا۔ حضرت عثمانؓ غنی کے عہد میں قرآن پاک تدوین اشاعت کے مرحلہ میں پہنچ گیا۔ حضرت علیؓ کے دور میں رسم الخط میں کی گئی اصلاح نے اسے عجمیوں کے پڑھنے کے لئے مزید آسان بنادیا۔ ابتدا میں جو بھی عرب برصغیر آتے، اپنے ساتھ قرآن پاک کی کتابت شدہ آیات لاتے۔ اس طرح قرآن پاک کے ساتھ عربی خط بھی پھیلتا چلا گیا۔ ادھر عرب میں عربی رسم الخط میں اصلاح اور ارتقاء کا عمل جاری تھا۔ خط کوفی آرائشی صورت میں لکھا جانے لگا۔ برصغیر میں بھنبھور (سندھ) کے مقام پر ایک قدیم اور معدوم مسجد کا کتبہ نہایت صاف تزئینی خط کوفی میں لکھا ہوا ہے۔ یہ مسجد 294ھ میں امیر محمد بن عبداللہ کے حکم سے تعمیر کی گئی تھی۔ اس کے علاوہ دہلی کی مسجد "قوت اسلام قطب الدین ایبک نے تعمیر کرائی تھی جو برصغیر کی قدیم ترین مساجد میں سے ہے۔ اس کے کتبے کسی بلند پایہ خطاط کی مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ سندھ اور گرد و نواح میں مسلمانوں کی حکومت قائم ہونے پر درس گاہیں اور مساجد بنانے کا سلسلہ چل نکلا۔ مساجد کی تزئین و آرائش اور خطاطی مسلمانوں کے فنون کا حصہ تھی۔ امور مملکت کے چلانے، مراسلت اور دیگر معاملات میں عربی خط کو متعارف کرایا گیا۔ عربی خط کی لطافت، روانی اور شستگی سے متاثر ہوکر ہندوستانی زبانوں کے لیے بھی اسی رسم الخط کو اختیار کرلیا گیا۔

محمدؒ بن قاسم کے بعد محمودؒ غزنوی تک کے دور کی خطاطی کا کوئی خاص نمونہ میسر نہیں ہے۔ برصغیر میں مسلم حکومت کا دوسرا دور اس وقت شروع ہوا جب سبکتگین نے شمال مغرب کے درہ سے داخل ہوکر برصغیر پر حملہ کیا اور ملتان تک پہنچ گیا۔ اس کی وفات کے بعد اس کا بیٹا محمودؒ غزنوی تخت نشین ہوا۔ اس دور میں برصغیر میں خط نسخ بھی وارد ہو چکا تھا۔ چنانچہ یہاں کوفی، نسخ اور ان میں ترامیم شدہ شکلیں رائج تھیں۔ خطاطی زیادہ تر قرآنی کتابت تک ہی محدود رہی۔ عہد غزنوی کے نمونوں میں سلطان محمود کا ایک سکہ ہے جسے "تنکہ کہا جاتا تھا۔ اس کے دونوں طرح عربی اور سنسکرت عبارتیں تحریر ہیں۔ اس عہد کا ایک اور مخطوطہ حضرت داتاؒ گنج بخش ہجویری کی کتاب "کشف المحجوب ہے جسے ابوحامد نامی کاتب نے 436ھ میں تحریر کیا۔ اسی طرح احمد آباد (گجرات) میں" کاچ نامی مسجد میں ایک کتبہ عربی میں خط نسخ میں تحریر شدہ موجود ہے۔ اس عہد کے دیگر کتبات کو بھی دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ غزنوی دور کے آخر تک خط کوفی اپنی ارتقائی صورت میں اور نسخ ابتدائی صورت میں برصغیر میں موجود تھا۔ یہاں کے کاتب ابن مقلہ اور ابن البواب کی طرز کو اپنا رہے تھے۔ بعدازاں دیگر تمام خاندانوں غوری، غلاماں، خلجی، لودھی، تغلق وغیرہ کے عہد حکومت کے دوران بھی عربی خط اور خطاطی کو ترقی دی گئی۔ سلطان ناصرالدین محمود قرآن مجید کی کتابت خود کرتے تھے۔ ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک نسخہ ابن بطوطہ نے بھی دیکھا تھا۔ غیاث الدین بلبن نہایت عقلمند، مدبر اور متقی بادشاہ تھا۔ قرآنی خطاطی کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتا تھا اور جو کاتب اس کو قرآن پاک کا نسخہ لکھ کر پیش کرتا اسے خوب نوازتا اور پھر قرآن پاک کا وہ نسخہ کسی مستحق فرد کو جو اسے پڑھنا چاہتا ہو ہدیہ کر دیتا۔ بلبن کا بڑا لڑکا سلطان محمد خان شہید نہایت علم دوست اور شیخ سعدیؒ کا بہت معتقد تھا۔ امیر خسروؒ بھی خان شہید کے معتقد تھے خاندان خلجی اور خاندان تغلق کے ادوار حکومت میں بھی خطاطی کا مقام بلند رہا اس طرح صدیوں کے عروج و زوال میں زبانوں کا ارتقاء ہوا اور مختلف رسم الخط کا فروغ ممکن ہوتا گیا برصغیر میں ذات پات کے سبب نچلی ذاتوں کے لوگ معاشرتی پابندیوں سے بہت تنگ تھے جس سے ان کا جینا عذاب بنا ہوا تھا انہوں نے اسلام کا تہذیب وتمدن اور مساوات کے اصولوں کو دیکھا تو بہت متاثر ہوئے کہا جاتا ہے صرف خواجہ معینؒ الدین چشتی کے دست حق پر 90 لاکھ ہندوؤں نے اسلام قبول کیا جس کے نتیجہ میں برصغیر میں مذہب سلام پھیلتا اور پھولتا چلا گیا جس سے عربی رسم الخط کا فروغ ممکن ہوا سندھ کے قدیم قبرستانوں اور خانقاہوں میں عربی رسم الخط کے کتبے آج بھی اس دور کی یاد دلاتے ہیں۔

باقیات

101

اے جی ایم یو ٹی اور سابقہ جموں وکشمیر کیڈر سے تعلق رکھنے والے روہت کنسل اور اے جی ایم یو ٹی کیڈر کے ،ایچ راجیش پرساد شامل ہیں، جنہوں نے جموں وکشمیر میں بھی خدمات انجام دی ہیں۔1995 بیچ کے آئی اے ایس افسر روہت کنسل کو سیکریٹری کے مساوی جبکہ اسی بیچ کے راجیش پرساد کو سیکریٹری کے مساوی عہدے کے لیے امپینل کیا گیا ہے۔روہت کنسل جموں وکشمیر میں کئی اہم ذمہ داریاں نبھا چکے ہیں، جن میں ایڈمنسٹریٹو سیکریٹری بجلی اور شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کے ایڈیشنل سی ای او جیسے عہدے شامل ہیں۔اسی طرح، اے جی ایم یو ٹی کیڈر کے2001 بیچ کے آئی اے ایس افسر مندیپ بھنڈاری جو اس وقت لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے پرنسپل سیکریٹری ہیں، کو ایڈیشنل سیکریٹری کے مساوی عہدے کیلئے امپینل کیا گیا ہے۔مزید اے جی ایم یو ٹی کیڈر کی1999 بیچ کی آئی اے ایس افسر سریتا چوہان کو بھی ایڈیشنل سیکریٹری کے مساوی عہدے کے لیے امپینل کیا گیا ہے۔بھنڈاری اور چوہان دونوں کاتعلق سابقہ جموں وکشمیر کیڈر سے ہے۔ذرائع کے مطابق مجموعی طور پر 28 آئی اے ایس افسران کو ایڈیشنل سیکریٹری کے مساوی عہدوں کے لیے امپینل کیا گیا ہے۔

102

اور قابل عمل اقدامات کریں۔خیال کیا جاتا ہے کہ سی سی ایس اجلاس میں ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملوں سے پیدا ہونے والی موجودہ عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اطلاعات کے مطابق وزیراعظم مودی نے اپنے دوروزہ ریاستی دورے سے اتوار کی رات دہلی واپس آنے کے بعد سی سی ایس کی میٹنگ بلائی۔اپنے دوروزہ دورے کے دوران پی ایم مودی نے راجستھان، گجرات، تمل ناڈو اور پڈوچیری کا دورہ کیا۔سی سی ایس ملک کی سلامتی معاملات پر فیصلہ سازی کرنے والا اعلیٰ ترین ادارہ ہے۔وزیراعظم سی سی ایس کے چیئرمین ہیں، اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امیت شاہ، وزیر خارجہ ایس جے شنکر، اور وزیر خزانہ نرملا سیتارامن اس کے رکن ہیں۔ایران کے سپریم لیڈر خامنہ ای ایران پر ایک بڑے اسرائیلی اور امریکی فضائی حملے میں مارے گئے۔۔اطلاعات کے مطابق وزیراعظم مودی نے اپنے دوروزہ ریاستی دورے سے اتوار کی رات دہلی واپس آنے کے بعد سی سی ایس کی میٹنگ بلائی۔اپنے دو روزہ دورے کے دوران پی ایم مودی نے راجستھان، گجرات، تمل ناڈو اور پڈوچیری کا دورہ کیا۔سی سی ایس ملک کی سلامتی معاملات پر فیصلہ سازی کرنے والا اعلیٰ ترین ادارہ ہے۔وزیراعظم سی سی ایس کے چیئرمین ہیں، اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امیت شاہ، وزیر خارجہ ایس جے شنکر، اور وزیر خزانہ نرملا سیتارامن اس کے رکن ہیں۔ایران کے سپریم لیڈر خامنہ ای ایران پر ایک بڑے اسرائیلی اور امریکی فضائی حملے میں مارے گئے ایران کے سرکاری ٹیلی ویژن اور سرکاری خبر رساں ایجنسی، اسلامی جمہوریہ نیوز ایجنسی (IRNA) نے اتوار کو علی الصبح 86 سالہ خامنہ ای کے انتقال کا اعلان کیا۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ اس نے ایرانیوں کو اپنے ملک پر قبضہ کرنے کا بہترین موقع فراہم کیا۔ٹرمپ نے کہا کہ جب تک ضرورت ہو بھاری بمباری جاری رہے گی۔

103

